قدیمی کتب میں جن مشروط و نقاط کا ذکر ہے ان پر عمل درآمد آج ناممکن نہیں تو مشکل ترین ضرور ہے۔ مزید ان تک رسائی صرف لطف الٰہی کا نتیجہ ہی ہوسکتی ہے ورنہ گمراہی لازمی ہے یہی حال ''رجال الغیب'' جیسے اہم بنیادی مسئلہ کا ہے۔ ان کی حقیقت قدیمی کتب میں یوں بیان ہے کہ یہ ''بندگان خدا'' جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کی راہنمائی، بہتری و بھلائی کے لئے وقف کیا ہے۔ دراصل امام عصرؑ کے ماتحت کام کرتے ہیں اور ان کی اجازت سے مسائل کی جانب رجوع کرتے ہیں۔ یہ بالکل اُمتی ہونے کے سبب جناب عیسیٰؑ اور جناب خضرؑ کی مانند تابع ہیں۔ اس لئے ان ''قطب الاقطاب'' سے مدد حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ شہنشاہ زمانہ حاضر و ناظر امام وقتؑ کی جانب درود و سلام بھیج کر استعانت کی دعا پڑھ کر ان کو اپنی جانب راغب کریں ورنہ سب کچھ بے فیض رہیگا۔

طوالت سے بچنے کے لئے نقاط کی صورت میں تفصیل پیش کر رہا ہوں۔

۱۔ رجال الغیب کا تعلق قمری تاریخوں سے ہونے کے سبب سورج کے غروب ہوتے ہی ان کی سمت تبدیل ہوجاتی ہے (یعنی دن میں سمت اور ہوتی ہے اور رات کو مغرب کے بعد اور)۔

۲۔ عام انسانوں اور طالب علموں کے لئے سمت کا تعین کے لئے سب سے آسان بات یہ ہے کہ کرہ ارض کو گول دائرے کی شکل جو کہ ریاضی کے حساب سے °۳۶۰ کا بنتا ہے تصور کریں اور جس سمت میں منہ کر کے نماز ادا کرتے ہیں وہ اصطلاح میں ''مغرب'' کی سمت بنتی ہے۔ اس سمت کا تعین ہر شخص کے لئے نہایت عام فہم ہے۔ اس سمت میں ''رخ'' کرنے کے بعد بائیں جانب °۴۵ تک بڑھتے ہوئے آگے بڑھیں تو ''جنوب مغرب'' اور مزید °۴۵ جسم کو حرکت دیں تو ''جنوب'' کی سمت

اس ترتیب سے ۴۵° پر مزید آگے بڑھیں تو ''جنوب مشرق'' اس کے بعد ''مشرق'' کی سمت جس طرف سے سورج طلوع ہوتا ہے، آجائے گی۔ مزید ۴۵° گولے کو مکمل کرنے کے لئے بڑھیں تو ''شمال مشرق'' اور اس کے بعد ''شمال'' اور مزید آگے بڑھنے سے آخری سمت ''شمال مغرب'' ظاہر ہوگی۔ اور آپ گول دائرے کو مکمل کرتے ہوئے واپس ''مغرب'' میں پہنچ جائیں گے اور رجال الغیب کی ۸ سمتیں بآسانی ظاہر ہو چکی ہونگی۔

۳۔ ان ''رجال الغیب'' کی امداد حاصل کرنے کے لئے ان کو اپنی پشت یا دائیں جانب رکھیں۔ اگر کسی امر میں مجبوری ہو اور ان کا سامنا ضروری ہو جائے تو ایام ہفتہ سے جو دن ہو اس کا صدقہ دیکر تعاون حاصل کیا جا سکتا ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔

(ا) اتوار و جمعہ کے دن عمل سے پہلے ۴۰ عدد پان کھا کر ان کا سامنا کریں انشاء اللہ نقصان نہ دیں گے۔

(ب) پیر و ہفتہ کے دن ''آئینہ'' میں اپنی شکل دیکھ کر سامنا کریں تو انشاء اللہ نقصان نہ دیں گے۔

(ج)۔ منگل و بدھ کو کشمش یا گڑ کھا کر عمل شروع کریں سامنا ہو تو نقصان نہ ہوگا۔

(د)۔ جمعرات کے دن ''دہی'' کھا کر منہ رجال الغیب کی جانب کر سکتے ہیں۔

۴۔اگر خدانخواستہ کسی لاپرواہی کے سبب ''رجال الغیب'' نقصان پہنچادیں اور رجعت ہوجائے تو اس سے نجات کے لئے مخصوص سمتوں اور تاریخوں کے صدقات ادا کر کے تعویذات استعمال کریں انشاءاللہ سزا معاف ہوجائے گی (تفصیل آگے درج کررہا ہوں)۔

۵۔قمری ماہ کے اعتبار سے جو سمت آئے اور ایام ہفتہ سے اس تاریخ کو جو دن آتا ہو وہی ٹھیک ہے مستقل بنیادوں پر دنوں سے نسبت حقائق کے منافی وقیاسی ہے۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مندرجہ بالا بنیادی امور کو سمجھ میں آجانے کے بعد اب نقشہ رجال الغیب ''شکل'' کی صورت میں واضح کردوں تاکہ قمری ایام کے تحت ان کی سمتوں اور تاریخوں کو سمجھنا مزید آسان ہوجائے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

مندرجہ بالا نقشہ پر غور کرتے ہوئے اگ ''مغرب'' سے یعنی کعبہ کی جانب سے بائیں جانب ''جنوب'' میں حرکت کریں تو مندرجہ ذیل اشکال ظاہر ہونگی جن کی تاریخیں اور رجعت کی صورت میں بچاؤ کے صدقات وتعویذات درج ذیل ہیں یہ ۸ سمتیں بنتی ہیں۔

۱۔ چاند کی ۲۷۔۱۹۔۱۲۔۴ تاریخوں کو ''مغرب'' میں ہوتے ہیں۔ ان تاریخوں میں اگر خدانخواستہ رجعت ہوجائے تو اس کا تدارک اس طرح ہے کہ سوا کلو گوشت کو پیلے رنگ میں رنگ کر ''بلے'' کو کھلائیں (نر بلے کو کھلانا ہے بلی کو نہیں) اور یہ نقش سیدھے بازوں پر باندھیں۔

مممممممم ی ی ی لالالا م ۔

۲۔ چاند کی ۲۵۔۱۷۔۱۰۔۲ تاریخوں میں ''جنوب مغرب'' کی سمت ہوتی ہے۔ نحوست نجات کے لئے اس کا صدقہ آدھہ کلو چنے بھگو کر گھوڑے کو کھلائیں اور نقش سیدھے بازوں پر باندھیں۔

وووووو ررر ح ح ح ۔

۳۔ چاند کی ۲۶۔۱۸۔۱۱۔۳ تاریخوں کو ''جنوب'' کی سمت ہوتی ہے۔ ان تاریخوں میں رجعت کا صدقہ ''چاول و گیہوں ۴ تولہ کے وزن کے برابر'' ''مرغ'' کو کھلائیں اور تعویذ کو بازو پر باندھیں۔

ی ی ی ااا حم حم حم ۔

۴۔ قمری ماہ کی ۲۴۔۱۶۔۹۔۱ تاریخوں کو جنوب مشرق کی سمت ہوتے ہیں۔
رجعت ہونے کی صورت میں صدقہ۔۔۔۔۔ ۹ قسم کا اناج سوا کلو وزن میں لاکر ''سفید مرغ'' یا ''مور'' کو کھلائے اور نقش کو سیدھے بازو پر باندھیں۔

اا اا اا اا اا ل ل ل ل ل ل ل ااا ااا ہہہہہہ ۔

۵۔چاند کی ۲۹۔۲۲۔۱۴۔۷ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مشرق

رجعت ہونے کی صورت میں صدقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سات عدد گنے ہاتھی کو کھلائیں یا حشرات الارض کو سوا کلو چینی ڈالیں۔تعویذ درج ذیل۔

<u>اا اا اا مممممم او للل</u> ۔

۶۔ ۲۸۔۲۱۔۶ تاریخوں میں ''شمال مشرق'' کی سمت۔

صدقہ آدھا کلو چنے کی دال بھگو کر اونٹ کو کھلائیں۔تعویذ درج ذیل بازو پر باندھیں۔

<u>الہ الہ الہ الہ الہ حی حی حی حی حی حی</u> ۔

۷۔چاند کی ۳۰۔۲۳۔۱۵۔۸ سمت ''شمال''۔

صدقہ۔۔۔۔۷ یا ۸ ہرے گھاس کے پتے گائے کو کھلائیں درج ذیل تعویذ پاس رکھیں۔

<u>رررررہہہہ</u> ۔

۸۔چاند کی ۲۰۔۱۳۔۵ تاریخوں کو سمت ''شمال مغرب''۔

صدقہ سوا کلو دال مستحق کو دیں۔سیدھے بازو پر درج ذیل نقش باندھیں۔

<u>ہہہہہہ وووووو ح ح ح ح ح ح ووو وہ</u>۔

صدقات وتعویذات وغیرہ قدیم کتب کے مطالعہ کریں تو وہیں سے یہ تفصیلات بآسانی مل جاتی ہیں

اب آتا ہوں ایک اہم جانب۔ آخری بات رجوع کرنے کے لئے دعوت ہے۔ مجھے انتہائی حیرت ہے اس امر کے اظہار سے پہلے کہ بغض وحسد میں آداب دعوت کوجسطرح تبدیل کیا گیا ہے اس کے بعد تاثیر کی امید رکھنا بےسود ہوجاتا ہے۔ اس کی تفصیل اس طرح ہے کہ سمتوں کے اعتبار سے جس سمت میں اکاوجود ہواس رخ میں ۷ قدم ان کی جانب حرکت کر کے بڑھیں اور اس کے بعد امام مہدیؑ کی بارگاہ میں سات مرتبہ اس درود کو پیش کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی محمد و آل محمد و عجل فرجهم وَ اَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اوراس درود کے بعد صرف ایک مرتبہ یہ دعا پڑھ کراور واسطہ محمدؐ وآل محمدؐ کا دیکر مدد کی درخواست کریں۔ انشاءاللہ لازمی ہر عمل میں تیز تر تاثیر پیدا ہوگی نیز رجعت سے بھی خطرات کم ہوجائیں گے۔ (انشاءاللہ)۔

السلام علیکم یا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَه

السلام علیکم یا رِجَالُ الْغَيْبِ

السلام علیکم یا نُجَبَاءُ

السلام علیکم یا اَوْتَادُ

السلام علیکم یا اَفْرَادُ

السلام علیکم یا اُمَنَاءُ

السلام علیکم یا غَوْثَاهُ

السلام علیکم یا قُطُبُ الْاَقْطَابِ

اغیثونی بغوثۃ وانظرونی بنظرۃ وارحمونی برحمتہ وحصلونی مرادی و مقصودی وقوموا الی ھواء ھی فی الدنیا والآخرہ بحق محمد و آلہ الطیبین الطاھرین واصحابہ المرضیین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔